فوری ریلیز کے لیے: 7/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے صدی پرانے چیمبرز سٹریٹ سب وے سٹیشن کی بحالی کے لیے جامع تجدید کے منصوبے کا اعلان

منصوبے کو بھیڑ کے اوقات کے لیے قیمتوں کے تعین سے حاصل ہونے والی فنڈنگ سے ممکن بنایا گیا

بحالی میں ڈھانچے کی تعمیرِ نو، ٹائلوں کی تبدیلی اور سیڑھیوں کو اپ گریڈ کرنا شامل ہے

چیمبرز سٹریٹ سٹیشن کی تصاویر یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (MTA) سب وے سسٹم کے سب سے تاریخی سٹیشنوں میں سے ایک - چیمبرز سٹریٹ **جے زیڈ** سٹیشن، جو سنہ 1913 میں کھلا تھا – کے ڈیزائن، تعمیر اور بحالی کے لیے ٹھیکیداروں کی تلاش میں ہے۔ جامع تجدید کا یہ منصوبہ ڈھانچے کو دوبارہ تعمیر کرے گا، ٹائلوں کو تبدیل کرے گا، سیڑھیوں کو اپ گریڈ کرے گا اور سٹیشن کو اوپر سے نیچے تک بحال کرے گا، بشمول اس کی تعمیراتی تکمیل۔ منصوبہ MTA کے سنہ 2020 - 2024 کیپٹل پلان کا حصہ ہے، اور بھیڑ کے اوقات کے لیے قیمتوں کے تعین سے حاصل ہونے والی فنڈنگ کے ذریعے ممکن ہوا ہے۔

"چیمبرز سٹریٹ ہمارے سفری نظام میں کئی دہائیوں سے کم سرمایہ کاری کی نسلوں کی زندہ یادگار کے طور پر کھڑا ہے، اب، بھیڑ کے اوقات کے لیے قیمتوں کے تعین سے ملنے والی فنڈنگ کی بدولت، یہ آخر کار بدلنے لگا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "میں نے نیو یارک والوں سے وعدہ کیا تھا کہ بھیڑ کے اوقات کے لیے قیمتوں کا تعین نہ صرف ہماری ہوا صاف کرے گا اور ٹریفک کو تیز کرے گا، بلکہ یہ ہمارے شہر کی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے اربوں کی سرمایہ کاری کرے گا۔ اس منصوبے کو آگے بڑھانا اور چیمبرز سٹریٹ کو ایسے بحال کرنا جس کی اسے اشد ضرورت ہے نیو یارک والوں کو دکھائے گا کہ جب ہم سفر میں سرمایہ کاری کرتے ہیں تو کیا کچھ ممکن ہوتا ہے"۔

منصوبہ سٹیشن کی تاریخی تفصیلات کو محفوظ رکھتے ہوئے سٹیشن کی ظاہری شکل اور بنیادی ڈھانچے دونوں کو بہتر بناتے ہوئے مکمل بحالی فراہم کرے گا۔ چیمبرز سٹریٹ قومی تاریخی مقامات کے رجسٹر پر ہے جیسا کہ امریکی محکمۂ داخلہ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے اور ہفتے کے ایک اوسط دن 18,196 سواروں کو خدمات فراہم کرتا ہے۔ MTA سال کے آخر تک ڈیزائن کی تعمیر کا ٹھیکہ دے گا۔ چیمبرز سٹریٹ سٹیشن کو سب وے کے پورے نظام میں مرمت اور بحالی کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، پانی سے ہونے والے نقصان اور کئی دہائیوں کی ساختی خرابی گاہک کے تجربے کو کم کر رہی ہے۔

MTA کے چیئر اور سی ای او Janno Lieber (جانو لائبر) نے کہا، "چیمبرز سٹریٹ خستہ حال سب وے سٹیشنوں کا سب سے بڑا نمائندہ ہے۔ بھیڑ کے اوقات کے لیے قیمتوں کے تعین کی بدولت، ہم آخرکار اسے وہ جامع تبدیلی دینے کے قابل ہو گئے ہیں جس کی اسے 21ویں صدی میں داخل ہونے کے لیے ضرورت ہے"۔

میئر Zohran Kwame Mamdani (ظہران کوامے ممدانی) نے کہا، "چھت کی خستہ ٹائلوں اور ٹوٹی پھوٹی سیڑھیوں سے لے کر پانی کے باقاعدگی سے رسنے تک، چیمبرز سٹریٹ سب وے سٹیشن کی حالت نہ صرف بدنما

ہے بلکہ ہمارے شہر کے شایانِ شان بھی نہیں ہے۔ نیو یارک کے مکین ایسے سفری نظام کے حق دار ہیں جسے استعمال کرنا ان کے لیے محض ایک مجبوری نہ ہو، بلکہ وہ اسے خوش دلی سے اپنائیں اور جو ہمارے شہر کی سرگرمیوں کو رواں دواں رکھے، بشمول شہر کے وہ ہزاروں محنتی ملازمین جو روزانہ کام پر آنے اور واپس جانے کے لیے اس سٹیشن پر انحصار کرتے ہیں۔ ہم اس مقصد کی جانب ایک اہم قدم اٹھانے پر گورنر اور MTA کے شکر گزار ہیں اور ان کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں تاکہ ہمارے سفری نظام کو ایسا بنایا جا سکے جس پر نیو یارک کے تمام شہری فخر کر سکیں"۔

MTA Construction & Development کے صدر Jamie Torres-Springer (جیمی ٹوریس-اسپرنگر) نے کہا، "تاریخی چیمبرز سٹریٹ سٹیشن کی بحالی کا کام طویل عرصے سے التوا کا شکار ہے۔ یہ پورے نظام میں بنیادی ڈھانچے کو اچھی حالت میں رکھنے کے ان اہم کاموں کی تازہ ترین مثال ہے جنہیں بھیڑ کے اوقات کے لیے قیمتوں کے تعین پروگرام کی بدولت ممکن بنایا جا رہا ہے"۔

منصوبے کے دائرۂ کار میں درج ذیل کام شامل ہیں:

- سٹیشن کے رنگ و روغن کا کام
- عوامی درمیانی منزل کے منتخب حصوں میں نئے فرش کی تیاری
- سٹیشن کی سیڑھیوں اور دروازوں سمیت موجودہ تنصیبات اور حصوں کو تبدیل کرنا یا ان میں ضروری ترامیم کرنا
- سٹیشن کی تباہ شدہ فنشز کو تبدیل کرنا اور تاریخی فنشنگ کو اصل حالت میں بحال کرنا، جس میں سرامک ٹائلیں، موزائیک، ٹیراکوٹا کی آرائش، بیس ٹائلیں، کنکریٹ اور سنگِ مرمر کے بیس اور ٹرمز شامل ہیں
- ساختی مرمت، پانی کے رساؤ کی روک تھام اور چھت کی بہتری کے کام کرنا
- سٹیشن میں نئی روشنیاں اور نئے کیمرے نصب کرنا اور موجودہ سی سی ٹی وی نظام کو اپ ڈیٹ کرنا
- نئے فن پاروں کی تنصیب کے لیے ابتدائی تیاری کا کام کرنا

جنوری 2025 میں بِھیڑ سے نجات کے علاقوں میں ٹول وصولی کا کام شروع ہونے کے بعد سے سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں ٹریفک میں کمی آئی ہے، جبکہ فضائی معیار، پیدل آمد و رفت اور معیارِ زندگی سے متعلق اشاریوں، مثلاً شور کی شکایات، میں بھی بہتری آئی ہے۔ یہ پروگرام MTA کے 2020-2024 کیپیٹل پلان کے لیے $15 ارب بھی فراہم کر رہا ہے۔

گزشتہ ماہ MTA نے برونکس میں 3 ایونیو-138 سٹریٹ اور بروک ایونیو کے **6** سب وے سٹیشنوں پر معذوریوں کے حامل امریکی ایکٹ (Americans with Disabilities Act, ADA) کے تحت رسائی کی سہولیات بہتر بنانے کے تعمیراتی منصوبے کا ٹھیکہ دینے کا اعلان کیا تھا اور بروکلین کے پانچ سب وے سٹیشنوں پر لفٹوں سمیت رسائی کی سہولیات بہتر بنانے کے لیے تجاویز کی طلبی کا نوٹس (RFP) بھی جاری کیا تھا۔ ان سٹیشنوں کا انتخاب اس مقصد

سے کیا گیا ہے کہ پورے سب وے نظام میں قابلِ رسائی سٹیشنوں کی جغرافیائی کوریج کو بہتر بنایا جا سکے۔ دونوں منصوبے بھیڑ کے اوقات کے لیے قیمتوں کے تعین سے حاصل ہونے والے فنڈز کی بدولت ممکن بنائے جا رہے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔